NYC Department of Education
Chancellor David C. Banks

FERPA کا سالانہ اعلامیہ برائے 2024-2025

اہل خانہ تعلیمی حقوق اور رازداری ایکٹ (FERPA) والدین اور 18 سال اور اس سے بڑی عمر کے طلبا کو طالب علم تعلیمی ریکارڈز سے متعلق مخصوص حقوق دیتا ہے۔ والدین کے حقوق کا قانون برائے ڈیٹا (اعداد و شمار) رازداری اور تحفظ آپ کو اضافی حقوق فراہم کرتا ہے اور چانسلر کا ضابطہ A-820 اضافی معلومات فراہم کرتا ہے۔

برائے مہربانی توجہ کریں کہ اگر آپ طالب علم ہیں اور 18 سال یا اس سے بڑی عمر کے ہیں، یہ حقوق آپ کے لیے ہیں والدین یا سرپرست کے لیے نہیں۔

دیگر امور کے علاوہ، آپ کو حق حاصل ہے کہ:

- آپ کی درخواست DOE کو موصول ہو جانے کے 45 دنوں کے اندر آپ اپنے بچے کے تعلیمی ریکارڈ کی جانچ اور جائزہ لے سکتے ہیں۔
  - آپ کو تحریر میں ایسی درخواست جمع کروانی چاہیئے جس میں اس ریکارڈ (ریکارڈز) کی نشان دہی کی گئی ہو جس کی آپ جانچ کرنا چاہتے ہیں۔
  - آپ کے بچے کا اسکول آپ کو وقت اور اس مقام سے مطلع کرے گا کہ جہاں آپ ان ریکارڈز کی جانچ کر سکیں گے۔
- اپنے بچے کے تعلیمی ریکارڈ میں تبدیلی کی گزارش کرنا جب آپ کا خیال ہو کہ یہ غلط، گمراہ کن ہے یا FERPA کے تحت آپ کے بچے کی رازداری کے حقوق کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔
  - آپ کو ریکارڈ میں ترمیم کرنے کے لیے تحریر میں درخواست دینی چاہیئے اور آپ جو تبدیل کرانا چاہتے ہیں اس کی نشان دہی کرنی چاہیئے اور ایسا کرنے کی وجہ بیان کرنی چاہیئے۔
  - اگر محکمئہ تعلیم حسب درخواست ریکارڈ میں ترمیم نہ کرنے دینے کا فیصلہ کرتا ہے، آپ کو اس فیصلے، اور آپ کی سماعت (ہیرنگ) کے حقوق اور سماعت کے مخصوص طریقئہ کار سے مطلع کیا جائے گا۔
- آپ کے بچے کے تعلیمی ریکارڈز میں ذاتی قابلِ شناخت معلومات کو افشا کیے جانے سے قبل تحریری اجازت فراہم کریں۔ تاہم، چند مخصوص صورتوں میں، FERPA بغیر اجازت کے افشا کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ ایسی صورتیں جن میں معلومات کو بغیر اجازت افشا کیا جا سکتا ہے:
  - اسکول کے افسران کے سامنے افشاء کرنا جنہیں اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی تکمیل کے لیے تعلیمی ریکارڈز کا جائزہ لینا درکار ہو۔ اسکول کے افسران میں ذیل شامل ہیں:
    - محکمئہ تعلیم کے ملازمین (جیسے کہ منتظمین، نگران، اساتذہ، دیگر معلمین یا معاونتی عملے کے ارکان)؛ اور
    - وہ افراد جنہیں محکمئہ تعلیم ایسی خدمات فراہم کرنے یا کام کرنے کے لیے مصروف عمل کرتا ہے جن کاموں کے لیے بصورتِ دیگر محکمئہ اپنے ملازمین کو استعمال کرتا۔ ان میں شامل ہیں (a) وہ افراد اور ادارے جو DOE کو معاہدے کے تحت خدمات اور دیگر مخصوص کام فراہم کرتے ہیں، (b) دیگر حکومتی اداروں کے ملازمین جو DOE سے متعلقہ خدمات یا مخصوص کام فراہم کرتے ہیں، جیسے کہ نیویارک شہر محکمئہ قانون کے وکلاء جو DOE کی نمائندگی کرتے ہیں، اور اسکول نرس اور اسکول کے دفتر صحت کا عملہ جو نیو یارک شہر دفتر برائے صحت اور دماغی صحت کے ملازمین ہیں (c) والدین، طلبا یا دیگر رضاکاران، جو اسکول کے دیگر افسران کو انکے کام کی انجام دہی میں معاونت فراہم کرتے ہیں، اور (d) اہلیت کے حامل دیگر افراد یا تنظیمیں اور ادارے جیسے صلاح کاران اور برادری پر مبنی تنظیمیں، مگر صرف اسی صورت میں اگر وہ تحریری طور پر اقرار کریں کہ طالب علم کی معلومات کو صیغئہ راز میں رکھیں گے۔ ایسے افراد کو DOE کے براہ راست زیر نگرانی ہونا لازمی ہے جو تعلیمی ریکارڈ کے ذاتی قابل شناخت معلومات کا استعمال اور دیکھ بھال کرتے ہیں ۔ براہ راست زیر نگرانی کرنے کو مختلف طریقوں سے حاصل کیا جا سکتا ہے، بشمول تحریری معاہدہ۔

- جب کسی اور اسکول، ضلع یا تعلیمی ادارے کے افسران ریکارڈ کی درخواست کریں، جس ادارے میں آپ کا بچہ اندراج کا خواہاں ہے، یا اندراج کی منصوبہ بندی کر رہا ہے یا پہلے سے مندرج ہے اگر یہ درخواست آپ کے بچے کے اندراج یا منتقلی کے مقاصد کے لیے کی جا رہی ہے۔
- دیگر استثنات ہوتی ہیں جن کے تحت ذاتی قابلِ شناخت معلومات کے بارے میں بغیر اجازت مخصوص قسم کے راز افشا کرنے کی اجازت شامل ہیں۔ ذیل میں چند درج ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر افشا کی جانے والی معلومات مخصوص اضافی مطلوبات اور حدود کے تابع ہیں۔ انکے بارے میں مزید معلومات کے لئے براہ کرم FEPRA اور چانسلر کا ضابطہ A-820 ملاحظہ کریں۔
  - حکومتی اداروں اور افسران کے نمائندگان کو حساب کتاب کی جانچ کرنے، تشخیصات کرنے، یا چند دیگر سرگرمیوں کی ادائیگی کی اجازت دینے کے لیے؛
  - ان مالی امداد کے لیے جنکے لیے طالب علم نے درخواست دی ہے یا جنہیں طالب علم نے موصول کیا ہے؛
  - ان تنظیموں کے لیے جو نیویارک شہر محکمئہ تعلیم (NYCDOE) کے لیے، یا انکی جانب سے علمی تحقیقات انجام دے رہے ہیں؛
  - اہلیت کی تصدیق کرنے والی تنظیموں کو انکے تصدیقی افعال انجام دینے کے لیے؛
  - 18 سال یا بڑی عمر کے طلبا کے والدین کے لیے اگر وہ محکمئہ محصولات (IRS) کے ٹیکس کے مقاصد کے لیے ایک غیر خود مختار طالب علم ہے؛
  - ایک عدالتی حکم نامے کی پیروی کرنے یا قانونی جاری کردہ عدالتی حکم نامے (سپینا) پر عمل درامد کرنے کے لیے؛
  - صحت اور ہنگامی حفاظتی امور میں موزوں افسران کے لیے؛ اور
  - ان معلومات کے بارے میں جنہیں نیویارک شہر محکمئہ تعلیم نے بطور " ڈائریکٹری معلومات" مختص کیا ہے

- اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ نیو یارک شہر محکمئہ تعلیم FERPA کے مطلوبات کی تکمیل کرنے میں ناکام رہا ہے تو آپ ریاست ہائے متحدہ محکمئہ تعلیم (USDOE) کے پاس ایک شکایت دائر کر سکتے ہیں۔ شکایات ذیل میں درج کی جا سکتی ہیں:

Student Privacy Policy Office
U.S. Department of Education
400 Maryland Avenue
SW Washington, DC 20202-8520
یا بذریعہ ای میل FERPA.Complaints@ed.gov کو